# بگ ڈیٹا کا تجزیہ | ویلفیئر انڈیکس

## اسلام آباد ویلفیئر ریٹنگ میں سب سےاوپر سیالکوٹ کا اس حوالےسے تیسرا نمبر ،جوکہ ریٹنگ میں لاہور سے آگے ہے۔

پاکستان میں فلاحی اشاریے کے لحاظ سے سر فہرست اضلاع




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## ویلفیئر انڈیکس

## اسلام آباد ویلفیئر ریٹنگ میں سب سے اوپر—سیالکوٹ کا اس حوالے سے تیسرا نمبر، جو کہ ریٹنگ میں لاہور سے آگے ہے۔

(اسلام آباد)، 5 مئی 2026

مردم شماری 2023 کے اعداد و شمار پر مبنی ایک نیا ضلعی ویلفیئر انڈیکس، پاکستان کے مختلف علاقوں میں رہن سہن کے فرق کو ظاہر کرتا ہے —اور ملک کے سب سے زیادہ خوشحال اضلاع کی درجہ بندی میں کچھ حیران کن نتائج بھی سامنے لاتا ہے۔ گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے مطابق اسلام آباد ویلفیئر انڈیکس میں سب سے اوپر ہے، اس کے بعد رینکنگ میں سینٹرل کراچی دوسرے نمبر پر ہے، جبکہ سیالکوٹ تیسرے نمبر پر سب سے زیادہ رینک کیا جانے والے ضلع ہے، جو خاص طور پر لاہور سے آگے ہے، جو رینکنگ میں پانچویں نمبر پر ہے۔ یہ انڈیکس صرف آمدنی پر نہیں بلکہ دیگر اہم عوامل پر بھی مبنی ہے، جیسے تعلیم (اسکول میں حاضری اور خواندگی کی شرح)، گھریلو حالات، بجلی تک رسائی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات۔ یہ انڈیکس اس بات کا تفصیلی جائزہ دیتا ہے کہ اضلاع اپنے رہائشیوں کو کس حد تک بہتر معیارِ زندگی فراہم کر رہے ہیں۔

اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اضلاع میں، سیالکوٹ کی اچھی درجہ بندی اس کی مضبوط دستاویزی صنعتی بنیاد اور برآمدات پر مبنی معیشت کی عکاسی کرتی ہے، جو گھریلو سطح پر بہتر حالات کی نشاندہی کرتی ہے۔ سیالکوٹ کا درجہ بندی میں لاہور —ایک بہت بڑے میٹروپولیٹن مرکز— سے آگے ہونا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مقامی سطح پر معاشی سرگرمیاں فلاحی نتائج پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہیں۔ اسلام آباد کا سرفہرست ہونا اس کی منفرد ترقیاتی نوعیت کی عکاسی کرتا ہے۔ جو چند ہی دہائیوں میں چھوٹے شہر سے ایک بڑے اور بہتر سہولیات والے شہری مرکز میں تبدیل ہو گیا ہے، جہاں تقریباً تمام ویلفیئر یعنی فلاح و بہبود کی ریٹنگ میں مضبوط کارکردگی دیکھی جا سکتی ہے۔

اسی کے ساتھ، یہ درجہ بندی ایک اہم ساختی مسئلے کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔ فہرست میں زیادہ تر اضلاع پنجاب اور بڑے شہری مراکز سے تعلق رکھتے ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا سے نمائندگی نہایت محدود ہے (سوائے ایبٹ آباد کے)، اور اندرونِ سندھ اور بلوچستان کے اضلاع نمایاں طور پر غیر موجود ہیں۔ یہ رجحان ایک وسیع تر حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ پاکستان میں ترقی کے فوائد تمام علاقوں میں یکساں طور پر تقسیم نہیں ہیں۔ یہ نتائج ایک اہم پالیسی سوال کو جنم دیتے ہیں—فلاح و بہبود میں بہتری کو پہلے سے بہتر کارکردگی دکھانے والے اضلاع سے آگے بڑھا کر دیگر علاقوں تک کیسے پہنچایا جائے تاکہ ملک بھر میں زیادہ متوازن اور جامع ترقی کو یقینی بنایا جا سکے؟




*Source: Gallup Pakistan Aviation Dashboard*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا یہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا ہے۔ یہ تجزیہ پاکستان کی مردم شماری 2023 کے ضلعی سطح کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جنہیں گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے فلاحی اشاریہ ڈیش بورڈ میں مرتب کیا گیا ہے۔ یہ اشاریہ مختلف پہلوؤں —بشمول تعلیم، رہائش کے معیار، بجلی تک رسائی، صفائی ستھرائی اور گھریلو بنیادی سہولیات— کو یکجا کر کے اضلاع میں فلاح و بہبود کی مجموعی پیمائش فراہم کرتا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 05th May 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)